3223-کم ریٹ پر پٹرول حاصل کرنے کے لیے پیشگی رسیدیں فروخت کرنا

سوال

ہم نے عام لوگوں کے لیے ایک پروگرام پیش کیا ہے اس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے :

دو سو ریال دیں اور دو سو دس قیمت کے پٹرول اور اپنی گاڑي مفت سروس کرانے کی رسید حاصل کریں ، یہ علم میں رکھیں کہ پٹرول کی رسیدیں حاصل کرنے کے لیے پیشگی دو سو ریال دینا ہونگے ، کیا یہ پیشکش حلال ہے یا حرام ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو معاملہ ایسے ہی ہے جیسا بیان کیا
گیا ہے تو گاڑي سروس کے ساتھ پٹرول کی رسیدیں مذکورہ قیمت میں فروخت کرنی جائز ہیں ،
اس لیے کہ حقیقت میں بیع تو اتنے پٹرول کی ہے جو رسیدوں میں گاڑي سروس کرنے کے ساتھ
بیان کی گئ ہے ، اور اس میں کوئی دھوکہ اور نہ ہی سود اور جھالت پائی جاتی ہے .